## طاہر کھوکھر پرتشدد آزاد کشمیر کی پارلیمانی تاریخ کا ایک انتہائی بدنما اور قابل مذموم واقعہ ہے۔ الطاف حسین

## واقعہ میں ملوث ارکان کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے

لندن۔۔۔6 مارچ 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے آزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی میں ایم کیو ایم کے پارلیمانی لیڈر اور ایم کیو ایم کے آرگنائزر طاہر کھوکھر پر آزاد کشمیر کی حکمراں جماعت مسلم کانفرنس کے ارکان کے بہیمانہ تشدد کی پرزور الفاظ میں مذمت کی ہے۔ اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایوان میں قومی وسیاسی معاملات پر آواز اٹھانا منتخب ارکان اسمبلی کا حق ہے اور ایم کیو ایم کے پارلیمانی لیڈر طاہر کھوکھر نے اپنا پارلیمانی اور جمہوری حق استعمال کرتے ہوئے اسمبلی میں سوالات اٹھائے تھے مگر انکی جانب سے اٹھائے جانے والے سوالات کا جواب دینے کے بجائے مسلم کانفرنس کے وزراء اور ارکان اسمبلی نے طاہر کھوکھر کو جس بری طرح بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنایا اور ان کے ساتھ جو ظالمانہ سلوک کیا ہے اس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ طاہر کھوکھر پر تشدد کا یہ واقعہ آزاد کشمیر کی پارلیمانی تاریخ کا ایک انتہائی بدنما اور قابل مذموم واقعہ ہے اور تمام ہی جمہوری قوتوں کو اس مذموم واقعہ کے خلاف احتجاج کرنا چاہیے۔ جناب الطاف حسین نے آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے اسپیکر سے مطالبہ کیا کہ اس واقعہ میں ملوث ارکان کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے۔ جناب الطاف حسین نے طاہر کھوکھر سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا اور ان کی صحتیابی کی دعا کی۔ انہوں نے حق پرست منتخب اراکین سے کہا کہ وہ اس طرح کے عمل نہ تو دل برداشتہ ہوں اور نہ ہی مشتعل ہوں بلکہ پرامن جمہوری طریقوں سے حق پرستی کی جدوجہد جاری رکھیں۔

## آزاد کشمیر اسمبلی کے اسپیکر شاہ غلام قادر، ڈپٹی اسپیکر سردار فاروق احمد طاہر، پیپلز پارٹی کے صدر چوہدری مجید، آزاد کشمیر اسمبلی کے اپوزیشن لیڈر قمر زمان، ایم ایل اے سردار خالد ابراہیم اور مختلف سیاسی وسماجی تنظیموں کے رہنما اور کارکنان نے طاہر کھوکھر کی عیادت کی

مظفر آباد۔۔۔6 مارچ 2008ء۔۔۔آزاد کشمیر کے کئی سیاسی رہنماؤں اور منتخب ارکان اسمبلی نے دارالحکومت مظفر آباد میں آزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی میں ایم کیو ایم کے پارلیمانی لیڈر اور ایم کیو ایم آزاد کشمیر کے آرگنائزر طاہر کھوکھر کی عیادت کی جنہیں آج اسمبلی کے اجلاس کے دوران حکمراں مسلم کانفرنس کے وزراء اور ارکان اسمبلی نے بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنایا۔ وہ مظفر آباد کے غلام عباس انسٹیٹیوٹ میں زیرعلاج ہیں۔ طاہر کھوکھر کی عیادت کرنے والوں میں آزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی کے اسپیکر شاہ غلام قادر، ڈپٹی اسپیکر سردار فاروق احمد طاہر، پیپلز پارٹی کے صدر چوہدری مجید، آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے اپوزیشن لیڈر قمر زمان، جموں کشمیر پیپلز پارٹی کے صدر ایم ایل اے سردار خالد ابراہیم اور مختلف سیاسی وسماجی تنظیموں کے رہنما اور کارکنان شامل ہیں۔ تمام رہنماؤں نے طاہر کھوکھر کی عیادت کی، ان سے ہمدردی کا اظہار کیا اور ان کے ساتھ پیش آنے والے تشدد کے واقعہ کی شدید مذمت کی۔ واقعہ کی اطلاع ملنے پر آزاد کشمیر کے مختلف شہروں سے ایم کیو ایم کے کارکنان بھی بڑی تعداد میں مظفر آباد کے مقامی اسپتال پہنچ گئے اور واقعہ پر سخت احتجاج کیا۔

## یہ کون سی جمہوریت ہے کہ نواز شریف اور شہباز شریف اسمبلی کے ارکان نہیں ہیں لیکن پھر بھی پارلیمانی لیڈر بنے بیٹھے ہیں؟ سلیم شہزاد

## نواز شریف جمہوریت پر واقعی یقین رکھتے ہیں تو سارے عہدوں پر اپنے خاندان کے لوگوں کو بھرنے کے بجائے مسلم لیگ (ن) کے باصلاحیت افراد کو میرٹ پر منتخب کرائیں

لندن۔۔6 مارچ 2008ء۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) کے سربراہ نواز شریف اور دیگر رہنماء غیر منطقی بیان بازی کرنے کے بجائے قوم کو اس بات کا جواب دیں کہ نواز شریف اور شہباز شریف اسمبلی کے رکن بھی نہیں ہیں اس کے باوجود انہوں نے خود کو قومی اسمبلی اور پنجاب

اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر کیوں نامزد کیا ہے؟ کیا یہ جمہوری طریقہ ہے؟ انہوں نے کہا کہ نواز شرف اور انکی جماعت کے دیگر لیڈر عوام کو بے وقوف بنانے کی کوشش میں صبح شام جمہوریت کا راگ الاپتے رہتے ہیں لیکن یہ کون سی جمہوریت ہے کہ نواز شریف قومی اسمبلی کے رکن نہیں ہیں لیکن پھر بھی پارلیمانی لیڈر بنے بیٹھے ہیں اور پنجاب اسمبلی میں بھی انہوں نے اپنے بھائی شہباز شریف کو پارلیمانی لیڈر بنادیا ہے حالانکہ شہباز شریف بھی پنجاب اسمبلی کے رکن نہیں ہیں ۔انہوں نے کہا کہ جمہوریت کی گردان کرنے والے نواز شریف ذرا عوام کو یہ بتائیں کہ کیا ان کی جماعت میں کوئی رکن قومی اسمبلی اس قابل نہیں ہے کہ وہ پارلیمانی لیڈر بن سکتا ؟ کیا مسلم لیگ (ن) کے کسی رکن پنجاب اسمبلی کو نواز شریف اس لائق نہیں سمجھتے کہ اس کو پنجاب اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر بنایا جاتا؟ سلیم شہزاد نے کہا کہ ایک طرف نواز شریف جمہوریت کے ترانے گا رہے ہیں اور دوسری طرف وہ اپنی ہی پارٹی کے ارکان اسمبلی کو بھی ان کا جمہوری حق دینے پر تیار نہیں ہیں اور اندھا بانٹے ریوڑیاں اپنوں اپنوں کو دینے کے مصداق سارے عہدے اپنے خاندان کے لوگوں میں بانٹنے پر تلے ہوئے ہیں ۔یہ کون سی جمہوریت ہے؟ کیا میثاق جمہوریت میں یہی لکھا ہے؟ سلیم شہزاد نے کہا کہ نواز شریف عوام کو بے وقوف بنانے کیلئے جمہوریت کا راگ نہ الاپیں اور اگر وہ جمہوریت پر واقعی یقین رکھتے ہیں تو سارے عہدوں پر اپنے خاندان کے لوگوں کو بھرنے کے بجائے مسلم لیگ (ن) کے باصلاحیت افراد کو میرٹ پر منتخب کرائیں۔

## سندھ، پنجاب، سرحد، بلوچستان اور آزاد کشمیر میں ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین کی صاحبزادی افضاء الطاف کی چھٹی سالگرہ منائی گئی

## سالگرہ کے کیک کاٹے گئے اور بچوں میں تحائف اور مٹھائیاں تقسیم کی گئیں

کراچی ۔۔۔6، مارچ 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے بانی وقائد جناب الطاف حسین کی صاحبزادی بے بی افضاء الطاف کی چھٹی سالگرہ گزشتہ روز پنجاب، سرحد، بلوچستان ورآزاد کشمیر میں منائی گئیں اور اس سلسلے میں حیدرآباد، میر پور خاص، سکھر، نوابشاہ، بدین، سانگھڑ، جامشورو، شکارپور، کندکوٹ، عمر کوٹ، گھوٹکی، ٹھٹھہ، خیر پور، ٹنڈوالہیار، لاڑکانہ زونز سمیت ملک بھر میں قائم ایم کیو ایم کے صوبائی دفاتر پنجاب، سرحد، بلوچستان اور آزاد کشمیر میں ایم کیو ایم کے ذمہ داران وکارکنان نے چھوٹی بڑی تقریبات منعقد کی جس میں ایم کیو ایم کے ذمہ داروں سمیت بچوں، خواتین اور بزرگوں نے بہت بڑی تعداد میں شرکت کی اور بے بی افضاء الطاف کی سالگرہ کی تقریب کا کیک کاٹا اور انہیں مبارکباد پیش کی، اس موقع پر بچوں میں تحائف اور میٹھائیاں بھی تقسیم کی گئیں۔ افضاء الطاف کی سالگرہ کے سلسلے میں تمام زونز اور ڈسٹرکٹ دفاتر کو رنگ برنگی غباروں، برقی قمقموں اور سالگرہ کے پیغامات پر مبنی اشعار اور تہنیتی بینرز کی مدد سے خوبصورتی سے سجایا گیا تھا۔ تقریبات میں ایم کیو ایم کے زونل انچارجز اور زونل کمیٹی کے اراکین، ڈسٹرکٹ کمیٹیوں کے ذمہ داران، نومنتخب اراکین قومی وصوبائی اسمبلی، سابق اراکین قومی و صوبائی اسمبلی، مشیران ڈسٹرکٹ ناظمین، نائب ڈسٹرکٹ ناظمین، یوسی ناظمین، یوسی ناظمین کے علاوہ ایم کیو ایم کے سیکٹرز و یونٹوں کے ذمہ داران وکارکنان نے شرکت کی اور بے بی افضاء کی سالگرہ کا کیک کاٹ کر مبارکباد پیش کی اس موقع پر شرکاء نے زوردار تالیوں کی گونج میں کورس میں ہیپی برتھ ڈے ٹو افضاء، بار بار دن یہ آئے بار بار دن یہ آئے تم رہو، سدا خوشحال ہیپی برتھ ٹو افضاء ہیپی برتھ ٹو افضاء گائے اور جیئے الطاف، جیئے متحدہ کے فلک شگاف نعرے بھی لگائے جبکہ بعض مقامات پر منعقدہ تقریبات میں مشہور بینڈ ز نے مختلف گیتوں کی دھن پیش کی اور برتھ ڈے کے گیت بجائے۔ سالگرہ میں خصوصی طور پر شرکت کرنیوالے بچوں نے سالگرہ کی تقریب سے لطف اندوز ہوئے جوش و خروش کا یہ سلسلہ رات گئے تک جاری رہا۔ اس موقع پر بچوں میں سینکڑوں تحائف کے علاوہ شرکاء میں سالگرہ کی ٹوپیاں اور میٹھائی بھی تقسیم کی گئیں۔

## حسن حسین جعفری کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی ۔۔۔6، مارچ 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم نیوکراچی سیکٹر یونٹ 142 کے کارکن آصف جعفری کے والد حسن حسین جعفری کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا کرے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔ (آمین)

# نیوزی لینڈ کے سفیر ہیمش میک میسٹر،اعزازی قونصل جنرل معین ایم فدااور جاپان کے قونصل جنرل کی ڈاکٹر فاروق ستار سے ملاقات

کراچی ۔۔۔6، مارچ 2008۔۔۔کراچی میں متعین نیوزی لینڈ کے سفیر ہیمش میک میسٹر (Mr.HAMISH MacMASTER)اوراعزازی قونصل جنرل معین ایم فدا(Mr.MOIN M. FUDDA) نے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیروعزیز آباد میں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینزڈاکٹر فاروق ستار سے ملاقات کی جبکہ جاپان کے قونصل جنرل نے بھی ڈاکٹر فاروق ستار سے ملاقات کی اورانہیں انتخابات میں متحدہ قومی موومنٹ کی بھاری اکثریت سے کامیابی پرمبارکبادپیش کی۔دونوں ملاقاتیں نصف گھنٹے سے زائد جاری رہی جس میں انتخابی نتائج ،حکومت سازی سمیت ملک خصوصاًسندھ اور کراچی کی صورتحال کے علاوہ پاکستان میں تیزی سے بڑھتی ہوئی انتہاء پسندی،دہشتگردی کے خاتمے اور باہمی دلچسپی کے دیگرامور پرتفصیلی تبادلہ خیال کیا گیااور دوطرفہ تعلقات اورروابطے کومضبوط بنانے پرزوردیا گیا۔اس موقع پر گفتگوکرتے ہوئے ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہےایم کیوایم محاذ آرائی کی سیاست پر قطعی یقین نہیں رکھتی اورجیواور جینے دو کے اصول پرعمل پیرا ہے۔انہوں نے بتایا کہ ایم کیوایم ماضی کی حکومت کا حصہ رہی ہےاورایم کیوایم کی حق پرست قیادت نے نہ صرف کراچی ،حیدرآباد بلکہ سندھ کے دیگرشہری ودیہی علاقوں میں کئی میگاپروجیکٹ مکمل کئے جبکہ ان میگاپروجیکٹ سےبعض تکمیل کے آخری مراحل میں ہیں جس سےشہری اوردیہی کا فرق ختم ہوا۔قبل ازیں جاپان کےقونصل جنرل نے بھی ڈاکٹر فاروق ستار سے ملاقات کی اوران سے سیاسی صورتحال سمیت باہمی دلچسپی کے دیگرامور پرتفصیلی تبادلہ خیال کیا۔دونوں ملاقاتوں میں رابطہ کمیٹی کے رکن ونومنتخب رکن سندھ اسمبلی سیدشعیب احمد بخاری،نومنتخب حق پرست اراکین قومی وصوبائی اسمبلی ڈاکٹر ندیم احسان،سیدسرداراحمد،رضاہارون،فیصل سبزواری اورکراچی سٹی کی نائب ناظمہ محترمہ نسرین جلیل بھی موجودتھی۔

☆☆☆☆☆